الترغیب والترہیب کا ملخص اُردو ترجمہ جلد اول از جناب مولوی عبداللہ الدہلوی۔
تقطیع متوسط، ضخامت ۴۳۲ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد تیرہ روپیہ۔ پتہ: ندوۃ المصنفین۔ اُردو بازار۔ جامع مسجد دہلی ۶

ترغیب وترہیب یعنی اعمال کے اجر و ثواب اور اُن کے عقاب و عذاب پر جو کتابیں لکھی گئی ہیں اُن میں حافظ ذکی الدین عبدالعظیم المنذری کی کتاب سب سے زیادہ مشہور اور بعض وجوہ سے زیادہ دقیع اور مقبول بھی ہے یہ کتاب اسی کا ملخص ترجمہ ہے اور یہ کتاب کی جلد اول ہے جو بنیت۔ کتاب العلم، کتاب الطہارۃ اور کتاب الصلوٰۃ پر مشتمل ہے لیکن ترجمہ کے ساتھ ہر روایت کی تشریح اور اُس پر کچھ کلام بھی ہے۔ پھر یہ ترجمہ مسلسل نہیں ہے۔ بلکہ احادیث صحیحہ کا انتخاب اور مکررات کو حذف کر کے اس کو مرتب کیا گیا ہے اس بنا پر یہ اردو اڈیشن اُن اسقام سے محفوظ ہے جو ترغیب وترہیب پر کتابوں کے خدوخال ہیں۔ ترجمہ کے علاوہ نوجوان مترجم نے ڈھائی سو صفحات کا ایک فاضلانہ مقدمہ بھی لکھا ہے جو ان کے ذوقِ تحقیق و کاوش اور وسعت مطالعہ ناقدانہ بصیرت کا آئینہ دار ہے، اس میں حافظ منذری کے حالات و سوانح۔ علمی اور عملی کمالات، ان کی کتاب اُس کے شروح اور تلخیصات اور تراجم و حواشی کا تعارف، اور فضائل و رذائل اعمال سے متعلق روایات کے باب میں محدثین کا رویہ، ان سب پر سیر حاصل گفتگو کرنے کے بعد دین میں سنت کا مقام، اُس پر بعض لوگوں کی طرف سے اعتراضات کے جوابات اور ممتاز محدثین کے تراجم وغیرہ پر دیدہ ورانہ بحث کی گئی ہے۔ دورانِ بحث میں لائق مترجم نے اُن بعض غلطیوں کی بجا طور پر تصحیح کر دی ہے جو قصداً یا بلا قصد کے زمانۂ حال کے اکابر علماء و مصنفین سے صادر ہو گئی تھیں اسماء کے بارہ میں جہاں کہیں اختلاف تھا اُس کی تحقیق کر کے ایک شق کو معین کیا ہے، منذری نے خود اپنی کتاب کے جو مآخذ بیان کئے تھے، موصوف نے پوری کتاب کا تتبع کر کے ان مآخذ پر پچاس اور کتابوں کا اضافہ کیا ہے، علمی اور تحقیقی اعتبا